© rasailojaraid.com



تعارف وتبصرہ

# قرآنی مقالات

ناشر: ادارہ علوم القرآن پوسٹ بکس ۹۹ سرسید نگر علی گڑھ۔ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر (اعظم گڑھ)

مشرقی یوپی کی ایک عظیم دانش گاہ جو علوم و معارفِ قرآنی کی تفہیم کے ایک مرکز کی حیثیت رکھتی ہے، مدرسۃ الاصلاح کے نام سے موسوم ہے۔ اس ادارہ کو قرآن مجید کے بحرِ ذخار میں غوطہ زن ایک شخصیت علامہ حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ سے نسبتِ خصوصی ہے۔ اس ادارہ کی ترجمانی کرنے والا ایک رسالہ "الاصلاح" کے نام سے ۱۹۳۶ء میں نکلنا شروع ہوا اور ۱۹۳۹ء تک مولانا امین احسن اصلاحی کی ادارت میں شائع ہوتا رہا۔ قرآن مجید میں فکر و تدبر کی جو راہ علامہ فراہیؒ نے روشن کی تھی اس پر گامزن اصحابِ علم کی فہرست طویل ہے۔ البتہ اس رسالہ میں فکرِ فراہی کی چند نمایاں ترجمان ہستیوں کے قلم سے جو نگارشات شائع ہوئی ہیں ان کا ایک عمدہ انتخاب اس کتاب کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

یہ مقالات اصول تفسیر، تفسیر و تاویل، تحقیقات قرآنی، اقسام القرآن اور تعلیماتِ قرآنی جیسے عنوانات کے تحت جمع کر دئے گئے ہیں۔ ان مقالات کی مجموعی تعداد ۲۵ ہے۔ اصولِ تفسیر اور تعلیماتِ قرآنی کے تحت تین تین مقالات، اقسام القرآن کے تحت چار مقالات تفسیر و تاویل کے تحت، اور تحقیقات قرآنی کے ذیل میں ۸ مقالات ہیں۔ مقالہ نگاروں میں مولانا حمید الدین فراہیؒ کے دو مقالات ترتیب و نظام قرآن اور خیالات، اثنا ترجمہ قرآن کے عنوان سے ابتدائی حصہ میں شامل ہیں جبکہ مولانا امین احسن اصلاحی مدظلہ کے تین مقالات بالترتیب نظم قرآن، واجعلنا للمتقین اماما کی صحیح تاویل اور اسماء سور کے موضوعات پر ہیں۔ مولانا اختر احسن اصلاحیؒ کے تین مضامین ہیں ان کے عنوان ہیں حافظوا علی الصلوات کا تعلق ماقبل و بعد سے، سورۂ حج کی ایک آیت کی تاویل اور نجات کا قرآنی تصور۔ مولانا ابو اللیث اصلاحی ندویؒ کے چار مقالات تحقیقات قرآنی کے باب میں قرآن اور ترتیب اسماء انبیاء کرام، قرآن میں تکرار کی نوعیت اور قصہ آدم و شیطان، سورۂ ہود کے متعلق ایک اہم سوال کا جواب اور قرآن مجید اور سجع کے موضوعات پر ہیں۔ مولانا بدر الدین اصلاحی مدظلہ کے بھی چار مضامین ہیں ان کے عناوین ہیں 'مصدقا لما بین یدیہ کی صحیح تاویل' 'واخر متشابہات' 'حروف مقطعات'، 'لفظ آلاء کی تحقیق'۔ مولانا حافظ عبد الاحد اصلاحیؒ کے مقالات کی تعداد تین



© rasailojaraid.com